اسکولوں میں معمول کے حفاظتی ٹیکے

Peel Region
working with you

Peel Public Health اسکولوں اور کمیونٹی کلینکس میں گریڈ 7 اور اس سے زیادہ عمر کے اہل طلباء کو معمول کے حاظتی ٹیکے فراہم کر رہا ہے۔ یہ ویکسینیں پیش کی جائیں گی: **Meningococcal-C-ACYW, Hepatitis B (Hep B)** اور **Human Papillomavirus (HPV).**

یہ تمام ویکسین طلباء کے لیے مفت ہیں۔ کچھ ویکسینوں کے لیے سرکاری فنڈ ایک محدود وقت کے لیے فراہم کیے جاتے ہیں اور طالب علم ایک خاص عمر کو پہنچنے پر ہی اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر طلباء کے پاس Ontario Health Card موجود نہیں ہے، تو انہیں پھر بھی حفاظتی ٹیکے لگائے جا سکتے ہیں۔

مینِنجی کوکل بیماری ایک انفیکشن ہے جو عام طور پر بیکٹیریا کے پانچ مختلف گروپوں کی وجہ سے ہوتی ہے اور یہ دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کے گرد موجود خون یا سیال کو متاثر کرتی ہے۔ یہ بیماری بہت عام نہیں ہے، مگر اس کی علامات بہت جلد جان لیوا بن سکتی ہیں۔ اس بیماری سے پیدا ہونے والی پیچیدگیاں دماغ کو نقصان، سماعت کا مستقل نقصان، دوروں، اعضاء کا کٹ جانا یا موت کا باعث بن سکتی ہیں۔

یہ متاثرہ شخص کے تھوک یا بلغم کے ساتھ براہ راست رابطے سے **پھیلتی ہے** اور یہ متاثرہ شخص کو چومنے اور اس کے استعمال شدہ مشروبات، برتنوں، یا ٹوتھ برش وغیرہ سے ہو سکتی ہے۔

Men-C-ACYW ویکسین (Nimenrix®, Menactra®, Menveo™) بیکٹیریا کے ان چار گروہوں کے خلاف تحفظ فراہم کرتی ہیں، جو اس انفیکشن کا سبب بنتے ہیں۔ یہ ویکسین محفوظ ہے اور 80-85% تک مؤثر ہے۔

اونٹاریو میں اسکول میں جانے کے لیے ایک سنگل ڈوز ویکسین لگوانا لازمی ہے، ماسوائے یہ کہ کسی طالب علم کو قابل قبول استثنیٰ حاصل ہو۔ Men-C-ACYW ویکسین تمام نوعمر افراد کے لیے تجویز کی جاتی ہے، چاہے پہلے انہیں ایک شیرخوار یا چھوٹے بچے کے طور پر ویکسین لگ بھی چکی ہو۔

ہیپاٹائٹس بی یہ ایک بہت ہی متعدی وائرس ہے جو انسان کے جگر پر حملہ کرتا ہے اور جگر کی بیماری اور جگر کے کینسر کا سبب بن سکتا ہے۔ اس کا کوئی علاج موجود نہیں ہے۔ زیادہ تر لوگ بہتر ہو جاتے ہیں، لیکن کچھ لوگ بدستور متاثر رہتے ہیں اور ساری زندگی وائرس ان کے جسم میں موجود رہتا ہے۔

یہ کسی متاثرہ شخص کے خون یا جسمانی رطوبتوں کے ساتھ براہ راست رابطے سے **پھیلتا ہے** ، چاہے وہ شخص بیمار نظر نہ بھی آتا ہو یا اسے کوئی تکلیف محسوس نہ بھی ہوتی ہو۔ یہ استرے، سوئیوں یا دانتوں کے برش کے اشتراک؛ غیر محفوظ جنسی تعلقات؛ اور ٹیٹو یا سوراخ کا غیر موزوں طریقے سے صاف کیا گیا سامان استعمال کرنے سے پھیل سکتا ہے۔

ہیپاٹائٹس بی ویکسین (Recombivax HB® یا Engerix®-B) محفوظ ہے اور جب تمام خوراکیں دی جائیں، تو 95% سے زیادہ تک مؤثر ثابت ہوتی ہے۔

طلباء، جن کی عمریں 15 - 11 سال ہیں، کو 2 خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے، 6 ماہ کے وقفے سے۔ کمزور مدافعتی نظام والے طلباء یا 16سال یا اس سے زیادہ عمر کے طلباء کو تیسری خوراک کی ضرورت بھی ہو گی۔

Human Papillomavirus ایک بہت ہی عام وائرس ہے جو منہ، سر اور گردن، گردن رحم اور جنسی اعضاء کے کینسر کا سبب بن سکتا ہے۔ بہت سے لوگوں کو یہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ وہ متاثر ہو چکے ہیں اور ان میں کبھی بھی علامات ظاہر نہیں ہوتیں، اس لیے وہ غیر شعوری طور پر اسے دوسروں تک پہنچا سکتے ہیں۔ اس کا کوئی علاج موجود نہیں ہے اور یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ حفاظتی ٹیکوں کے بغیر، کینیڈا میں جنسی طور پر فعال 4 میں سے 3 افراد اپنی زندگی میں HPV سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

یہ جنسی اعضاء سے یا جنسی تعلقات کے دوران جِلد سے جلد کے رابطے سے **پھیلتا ہے۔** HPV انفیکشن کو روکنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ پہلی بار جنسی تعلقات سے پہلے ویکسین ضرور لگوائیں۔

ویکسین HPV-9 (Gardasil®-9) محفوظ ہے اور جب تمام خوراکیں دی جائیں، تو 95% سے زیادہ تک مؤثر ثابت ہوتی ہے۔ یہ سات اقسام کے ایسے وائرس کے خلاف انفیکشن کو روکتی ہے جو کینسر کا باعث بن سکتا ہے اور دو قسمیں جو جنسی اعضاء کے گرد مسوں کا باعث بنتی ہیں۔

طلباء، جن کی عمر 15 سال سے کم ہو، کو 2 خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے، 6 ماہ کے وقفے سے۔ کمزور مدافعتی نظام والے طلباء یا 15 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طلباء کو تیسری خوراک کی ضرورت بھی ہو گی۔

ویکسین (ویکسینیں) لگوانے کے بعد میں کیا توقع کر سکتا ہوں؟

- زیادہ تر لوگوں کو حفاظتی ٹیکوں کے بعد کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ کچھ کے بازؤں میں زخم یا سوئی کی جگہ پر سرخی، سوجن یا معمولی سی خارش ہو سکتی ہے۔
- کبھی کبھار، تھکاوٹ، سر درد، چکر آنا، بے ہوشی، متلی اور ہلکا سا بخار بھی ہو سکتا ہے۔

اپنے ڈاکٹر کو کب کال کریں:

- ویکسین لگوانے کے بعد الرجی اور شدید رد عمل کے واقعات بہت کم ہوتے ہیں۔ حفاظتی ٹیکوں کے بعد تقریباً ایک ہفتے کے اندر ضمنی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔
- اگر آپ میں درج ذیل میں سے کوئی علامات ظاہر ہوتی ہیں، تو اپنے ڈاکٹر اور Peel Public Health سے 905-799-7700 پر رابطہ کریں۔ اگر آپ کی علامات شدید ہوں، تو 911 پر کال کریں۔
  - سانس لینے میں دشواری
  - منہ یا چہرے کی سوجن
  - پھنسیاں
  - نہایت پیلی رنگت یا غنودگی
  - دورے
  - 40°C سے زیادہ بخار

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: peelregion.ca/immunize
یا Peel Public Health کو 905-799-7700 پر کال کریں۔